آٹھویں فصل:

بعض اہل علم کی
اہل بیت تابعین کے بارے میں مدح سرائی

محمد بن علی بن ابی طالب المعروف ابن حنفیہ رحمہ اللہ:

علامہ ابن حبان رحمہ اللہ اپنی کتاب میں ان کے بارے میں فرماتے ہیں:

"محمد بن علی بن ابی طالب رحمہ اللہ اہل بیت کے افضل ترین لوگوں میں سے تھے۔" [1]

علامہ مزی رحمہ اللہ "تہذیب الکمال" میں لکھتے ہیں کہ امام احمد بن عبد اللہ عجلی ان کے بارے میں فرماتے ہیں:

"وہ ثقہ تابعی اور انتہائی نیک شخصیت تھے۔"

امام ابراہیم بن عبد اللہ بن جنید نے فرمایا:

"عن علی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سند سے بیان کرنے والوں میں کوئی شخص محمد بن حنفیہ سے بڑھ کر معتبر اور صحیح بیان کرنے والا ہمیں معلوم نہیں۔" [2]

علامہ ذہبی رحمہ اللہ اسرائیل عن عبد الاعلی (ابن عامر) کے حوالہ سے یوں رقم طراز ہیں:

"محمد بن علی رحمہ اللہ کی کنیت ابو القاسم تھی، وہ انتہائی پرہیزگار اور متبحر عالم تھے۔" [3]

مزید فرماتے ہیں:

"محمد بن علی رحمہ اللہ مسلمانوں کے سردار، امام، ابو القاسم اور ابو عبد اللہ تھے۔" [4]

---

[1] کتاب الثقات لابن حبان : ٣٤٧/٥.

[2] تہذیب الکمال: ٨٠،٧٩/١٧.

[3] سیر اعلام النبلاء: ١١٥/٤.

[4] سیر اعلام النبلاء: ١١٠/٤.

حضرت علی بن حسین بن علی بن ابی طالب المعروف زین العابدین رحمہ اللہ :

علامہ ابن سعد رحمہ اللہ نے ان کی یوں مدح سرائی کی ہے:

"علی بن حسین رحمہ اللہ معتبر، ثقہ، بلند مرتبہ، عظیم الشان اور پرہیزگار شخصیت تھے۔ان سے بہت زیادہ احادیث مروی ہیں۔" [1]

علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ یوں رقم طراز ہیں:

"علی بن حسین رحمہ اللہ کبار تابعین میں سے تھے اور علم اور دین کے لحاظ سے ائمہ میں شمار ہوتے ہیں۔" [2]

علامہ مزی رحمہ اللہ ان کے حالات کے تحت لکھتے ہیں کہ زہری رحمہ اللہ ان کے متعلق فرماتے ہیں:

"میں نے علی بن حسین رحمہ اللہ سے بڑھ کر صاحب علم و فضل کوئی قریشی نہیں دیکھا۔"

ابو حازم، زید بن اسلم، امام مالک اور یحییٰ بن سعید انصاری رحمہم اللہ سے بھی اسی قسم کے الفاظ منقول ہیں۔

حضرت عجلی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"حضرت علی بن حسین رحمہ اللہ مدینہ منورہ کے رہنے والے، ثقہ اور معتبر تابعی تھے۔"

حضرت زہری رحمہ اللہ ان کی بابت فرماتے ہیں:

"حضرت علی بن حسین رحمہ اللہ تمام اہل بیت میں نیکی اور فضیلت کے لحاظ سے اعلیٰ ترین لوگوں میں سے تھے اور مروان بن حکم اور عبد الملک بن مروان ان سے بہت زیادہ محبت رکھتے تھے۔" [3]

علامہ ذہبی رحمہ اللہ یوں رطب اللسان ہیں:

"علی بن حسین مسلمانوں کے سردار، امام، زین العابدین، ہاشمی، علوی،

---

[1] الطبقات لابن سعد: ٥/٢٢٢.

[2] منهاج السنة النبوية: ٤/٤٨.

[3] تهذيب المكال: ١٣/٢٣٨ تا ٢٤٠.